653 ـ جادو کی مریض بیوی کوطلاق دینے کے بعد شادی

سوال

میں نے ایک مسلمان عورت سے شادی کی لیکن اس سے جماع نہ کرسکنے کی بناپر میں نے اسے طلاق دے دی ، یہ علم میں ہونا چاہیے کہ میں سو فیصد صحیح ہوں ، بعد میں یہ انکشاف ہوا کہ اس کا سبب جادو تھا ، مجھے اور میرے والد صاحب کویہ نصیحت کی گئي کہ آپ کسی شیخ کے پاس جائیں جودم کر ے ، اس عالم نے جب عورت کودم کیا تو اس پر کپکی اورشدید قسم کا رعشہ طاری ہوا ، اوریہ واضح تھا کہ اس پر کسی نے جادو کررکھا ہے ۔ پھریہ بھی انکشاف ہوا کہ میرے سسرال والے جادو کے رسیا ہیں اوران کےباطل پر مصر رہنے کی وجہ سے میں نے بیوی کوطلاق دی تھی ، اب میں کوئي ایساحل چاہتا ہوں جومیری اس مشکل کوختم کردے کیونکہ میں شادی کرنا چاہتا ہوں ، آپ کے تعاون کا شکریہ ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

میرے خیال میں آپ اللہ تعالی پر توکل کرتے ہوئے شادی میں جلدی کریں ، جب آپ اللہ تعالی پر توکل کرتے ہوئے یہ کام کریں گے توآپ کوکوئي چیز نقصان نہیں دے گی ۔

اللہ تبارک وتعالی کا فرمان ہے :

اورجوبھی اللہ تعالی پر توکل کرے گا اللہ تعالی اسے کافی ہوگا الطلاق (3) ۔

لیکن اس باریہ ضروری ہے کہ آپ بیوی اوراس کے خاندان والوں کے حالات کا اچھی طرح جائزہ کرنے کے بعد شادی کریں ، اورپہلے تجربہ سے عبرت اورسبق حاصل کریں کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی فرمان ہے :

(مومن ایک سوراخ سے دو بار نہیں ڈسا جاتا) صحیح بخاری حدیث نمبر (6133) ۔

اورشائد عدم پریشانی یہی ہے اورجوسوال سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ علت آپ کی بیوی میں تھی نہ کہ آپ میں ، اورہم آپ سے یہ بھی کہیں گے کہ آپ ہرنماز کے بعد اورسونے سے قبل سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھ کراپنے آپ کودم کیا کریں (یعنی یہ سورتیں پڑھنے کے بعد اپنے دونوں ہاتھوں پر پھونک مار کراپنے پورے جسم پر ہاتھ پھیریں)

اللہ تعالی ہمیں اورآپ کوہر قسم کے بیماری اوربرائي سے محفوظ رکھے ، آمین یا رب العالمین ۔

واللہ اعلم .